https://fbisesolvedpastpapers.com

| ROLL NUMBER | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

| Version No. | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 3 | 0 | 0 | 2 | 3 |

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ISLAMABAD

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت:25منٹ

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. ____________ Candidate Sign. ____________

Invigilator Sign. ____________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | 'تہہ لگانا'، 'خط لکھنا' قواعد کی رو سے کس کی مثالیں ہیں؟ | مرکب اضافی | فعل ناقص | مرکب عطفی | مرکب مصادر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 2. | قافیہ کے بعد آنے والے ایک جیسے الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟ | ردیف | مشترک | مشتق | مصدر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 3. | 'گورِ سکندر' کس صنعت کی مثال ہے؟ | تضمین | تضاد | تکرار | تلمیح | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 4. | "داخلہ فارم احتیاط سے پُر کریں۔" اس جملے میں متعلق فعل کیا ہے؟ | احتیاط سے | پُر کریں | داخلہ | فارم | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 5. | دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا حقیقی کی بجائے مجازی معنوں میں استعمال کیا کہلاتا ہے؟ | قافیہ | ردیف | محاورہ | روزمرہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 6. | رشتہ داروں کو لکھے گئے خطوط کیا کہلاتے ہیں؟ | مستقل خطوط | غیر رسمی خطوط | عارضی خطوط | رسمی خطوط | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 7. | تیرے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا<br>یہاں مرنے کی پابندی وہاں جینے کی پابندی<br>یہ شعر کس کی مثال ہے؟ | صنعت لف و نشر | صنعت تضمین | صنعت تجنیس | صنعت تکرار | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 8. | "اکرم کے ہاتھ سے قلم گر پڑا۔" اس جملے میں معاون فعل کیا ہے؟ | گر | پڑا | اکرم کے | ہاتھ سے قلم | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 9. | "جوانی چار دن کی ہے۔" یہ جملہ کس کی مثال ہے؟ | کنایہ | استعارہ | تشبیہ | مجاز مرسل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 10. | لفظ 'ڈرامہ' کے کیا معنی ہیں؟ | کچھ بول کے بتانا | کچھ لکھ کے پڑھانا | کچھ کر کے دکھانا | کچھ پڑھ کے سنانا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 11. | صبح آیا جانبِ مشرق نظر اک نگارِ آتشیں رخ سر کھلا<br>یہ شعر کس کی مثال ہے؟ | مجاز مرسل | کنایہ | تشبیہ | استعارہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 12. | وادین میں لکھا گیا مصرعہ کس صنعت کی مثال ہوتا ہے؟ | صنعت لف و نشر | صنعت تکرار | صنعت تضمین | صنعت تلمیح | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 13. | درج شدہ الفاظ میں سے 'سلینگ الفاظ' کی نشان دہی کریں: | فلائنگ کوچ | گاڑی | ٹرک | بس | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 14. | ماں نے کہا: "میری گڑیا آگئی۔" یہ جملہ کس کی مثال ہے؟ | مجاز مرسل کی | استعارہ کی | کنایہ کی | تشبیہ کی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 15. | ذرے ذرے کی شہادت کہ خدا ہے موجود یہ مصرعہ کس کی مثال ہے؟ | تکرار | مراعاۃ النظیر | تضمین | تضاد | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 16. | 'ظرف کہہ کر مظروف مراد لینا' کو قواعد کی رو سے کیا کہتے ہیں؟ | کنایہ | مجاز مرسل | استعارہ | تشبیہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 17. | بھلاتا لاکھ ہوں لیکن برابر یاد آتے ہیں<br>الٰہی ترکِ الفت پر وہ کیوں کر یاد آتے ہیں<br>یہ شعر کس کی مثال ہے؟ | صنعت تلمیح | صنعت مراعاۃ النظیر | صنعت تضاد | صنعت تکرار | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 18. | "چاند کی مانند چہرہ" کس کی مثال ہے؟ | مجاز مرسل | کنایہ | استعارہ | تشبیہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 19. | پانچ مصرعوں پر مشتمل بند والی نظم ہیت کے اعتبار سے کیا کہلاتی ہے؟ | مخمس | مسدس | ہائیکو | رباعی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 20. | مطلع کی بنیادی پہچان کیا ہے؟ | تلمیح کا استعمال | آخری شعر | تخلص کا استعمال | پہلا شعر | ○ | ○ | ○ | ○ |

——1HA-I 24002 (B) ——



III

FBISE SOLVED PAST PAPERS

https://fbisesolvedpastpapers.com

# اُردو (لازمی) ایچ ایس سی - I

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوئم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲: (الف) حصہ نثر:

عبارت پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں: **(6 x 4 = 24)**

اس زمانے میں شاہ ولی اللہؒ دہلوی اور ان کے صاحبزادوں نے مسلمانوں کی اخلاقی اور معاشرتی برائیوں کو دور کرنے کی تحریک شروع کی۔ پھر ان کے پوتے شاہ اسماعیلؒ نے اپنے مرشد سید احمد بریلوی کے ساتھ اسلامی اصولوں کو دوبارہ رائج کرنے اور ملک کو غلامی سے آزاد کرانے کی کوشش میں 1831ء اپنی جانیں قربان کر دیں۔ تاہم انھوں نے مسلمانوں کے دلوں میں جوش اور ولولہ پیدا کر دیا تھا۔ چنانچہ 1857ء کی جنگِ آزادی میں مسلمانوں نے پھر اپنے قدم جمانے کی کوشش کی لیکن انگریزی اقتدار مستحکم ہو چکا تھا۔ اس لیے انھیں کامیابی نہ ہو سکی۔ اس زمانے میں سر سیدؒ نے مجبوراً انگریزوں سے مفاہمت کو غنیمت جانا اور مسلمان قوم کی اخلاقی اور تہذیبی اصلاح پر توجہ دی اور ان کے دلوں سے احساس کمتری کو دور کرنے کی کوشش بھی کی۔ 1885ء میں ہندوؤں نے کانگریس کی بنیاد ڈالی اور ظاہر یہ کیا کہ وہ ملک کی تمام قوموں کو ان کے حقوق دلوائیں گے لیکن بعد میں پتہ چلا کہ وہ صرف اپنے حقوق کا تحفظ چاہتے ہیں انہوں نے مسلمانوں کو ان کے کاروبار سے محروم کرنے کی کوشش کی اور وہ سرکاری ملازمتوں پر بھی قابض ہو گئے۔

سوالات:

(i) شاہ ولی اللہؒ کی تحریک کا مقصد کیا تھا؟

(ii) شاہ اسماعیل شہیدؒ اور سید احمدؒ بریلوی شہید نے کن مقاصد کے لیے جانیں قربان کیں؟

(iii) 1857ء کی جنگ آزادی میں مسلمانوں کو کامیابی کیوں نہ ملی؟

(iv) مسلمانوں کی اصلاح کے حوالے سے سر سیدؒ کی خدمات لکھیں۔

(v) ہندوؤں نے کانگریس کی بنیاد دراصل کیوں ڈالی؟

(vi) اس عبارت کا خلاصہ لکھیں۔ **یا** اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔

ب۔ حصہ نظم:

مندرجہ ذیل نظمیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: **(3 x 4 = 12)**

سب سے اعلیٰ تیری سرکار ہے ، سب سے افضل
میرے ایمان مفصل کا یہی ہے مجمل
گل خوش رنگ رسولِ مدنی و عربی
زیبِ دامانِ ابد ، طرّۂ دستارِ ازل

سوالات:

(i) آخری مصرعے کا مرکزی خیال لکھیں۔

(ii) دوسرے شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(iii) اس بند میں کون سے قوافی استعمال ہوئے ہیں؟ **یا** اس بند میں موجود مرکب عطفی کی نشان دہی کیجیے۔

**(یا)**

وہ نور صبح وہ صحرا ، وہ سبزہ زار
تھے طائروں کے غول درختوں پہ بے شمار
چلنا نسیم صبح کا ، رہ رہ کے بار بار
کُو کُو وہ قمریوں کی ، وہ طاؤس کی پکار

سوالات:

(i) اس بند کا مرکزی خیال لکھیں۔

(ii) دوسرے شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(iii) "نسیم صبح" کون سا مرکب ہے؟ **یا** پہلے شعر کا مفہوم بیان کریں۔



FBISE SOLVED PAST PAPERS

https://fbisesolvedpastpapers.com

(ج) حصہ غزل:

مندرجہ ذیل غزلیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوال کا جواب لکھیں: (1 x 4 = 4)

(i)
ہر بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے
تمھی کہو کہ یہ اندازِ گفتگو کیا ہے

(ii)
پیری میں کیا جوانی کے موسم کو روئیے
اب صبح ہونے آئی ہے ، اک دم تو سوئیے

سوال:

پہلے شعر کا مفہوم لکھیں۔ **یا** دوسرے شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(د) حصہ قواعد:

درج سوالوں کے جوابات لکھیں: (2 x 4 = 08)

(i) شہر آشوب کس نظم کو کہتے ہیں؟

(ii) مجازِ مرسل سے کیا مراد ہے؟ ایک شعر کی مثال بھی دیں۔ **یا** گرامر کی رو سے استعارہ کسے کہتے ہیں؟ ایک مثال بھی دیں۔

## حصہ سوئم (کل نمبر 32)

**سوال نمبر ۳:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں: (06)

پھر وہ اپنی جوانی کا زمانہ یاد کرتا تھا۔ اپنا سرخ سفید چہرہ، سڈول ڈیل، بھرا بھرا بدن، رسیلی آنکھیں، موتی کی لڑی سے دانت، امنگ میں بھرا ہوا دل، جذبات انسانی کے جوشوں کی خوشی اسے یاد آتی تھی۔ اس آنکھوں میں اندھیرا چھائے ہوئے زمانے میں ماں باپ جو نصیحت کرتے تھے اور نیکی کی بات بتاتے تھے اور یہ کہتا تھا کہ "آہ! ابھی بہت وقت ہے۔" اور بڑھاپے کے آنے کا کبھی خیال نہ کرتا تھا۔ اس کو یاد آتا تھا اور افسوس کرتا تھا کہ کیا اچھا ہوتا اگر جب ہی میں اس وقت کا خیال کرتا اور نیکی سے اپنے دل کو سنوارتا اور موت کے لیے تیار رہتا۔

(یا)

جہاں تک ادب کا تعلق ہے اس میں تو حسن ہوتا ہی ہے۔ چاہے اس کے موضوعات بذاتِ خود حسین نہ ہوں بلکہ کریہہ اور بد صورت ہوں۔ یہ تو فن کار کا کمال ہے کہ وہ بد صورت سے بد صورت چیز میں بھی حسن کی رعنائی اور دلکشی پیدا کر دے۔ بہر حال ادب ایک ایسا مقام ہے جہاں پر فنکار کی صناعی بد صورت چیز کو بھی حسن کے زیور سے آراستہ و پیراستہ کر کے پیش کر سکتی ہے۔ اس اعتبار سے ادب کا مرتبہ بہت بلند ہو جاتا ہے۔

**سوال نمبر ۴۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی آسان لفظوں میں تشریح کریں۔ (07)

تن پر رہِ معبود میں ہم سر نہیں رکھتے
ہم سر کے کٹا دینے میں ہمسر نہیں رکھتے
جز دستِ گدا اور کہیں زر نہیں رکھتے
تکیہ کرمِ حق پہ ہے ، بستر نہیں رکھتے
یہ اُن پہ کھلا ہے جو خاصانِ خدا ہیں
ہر بندے کے ہم بند کشا عقد کشا ہیں

(یا)

ایک تصویر کو دیکھا جو کمالِ فن تھی
بھینس کے جسم پر ایک اونٹ کی سی گردن تھی
ناک وہ ناک خطرناک جسے کہتے ہیں
ٹانگ کھینچی تھی کہ مسواک جسے کہتے ہیں
نقش محبوب مصور نے سجا رکھا تھا
مجھ سے پوچھو تو تپائی پہ گھڑا رکھا تھا

**سوال نمبر ۵۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ (3+3+3=9)

نظر پر کیوں چڑھا کر ، مجھ کو پٹکا
گرایا کیوں زمیں پر ، آسماں سے
نظر آتی نہیں کچھ ، موت کی راہ
یہ آ جاتی ہے، کیا جانے کہاں سے
تیرے در پر جگہ ہے داغؔ کی گرم
گیا ہے وہ ابھی اٹھ کر ، یہاں سے

(یا)

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے میرے ارمان، لیکن پھر بھی کم نکلے
ڈرے کیوں میرا قاتل؟ کیا رہے گا اس کی گردن پر؟
وہ خوں جو چشمِ تر سے عمر بھر یوں دم بہ دم نکلے
نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں ، لیکن
بہت بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے

**سوال نمبر ۶۔** باپ اور بیٹے کے درمیان سوشل میڈیا کے درست استعمال پر مکالمہ لکھیں۔ (رسمی کلمات کے علاوہ دیے گئے موضوع پر کم از کم آٹھ مکالمے لکھیں) (05)

(یا)

اخبار کے لیے "ٹریفک کے مسائل سے آگاہی اور سدِباب" سے متعلق آرٹیکل لکھیں۔

**سوال نمبر ۷۔** کالج پرنسپل کے نام کالج میں مختلف کھیلوں کے لیے ضروری سہولیات کی دستیابی کی درخواست لکھیے۔ (05)

(یا)

'نیکی کا بدلہ نیکی' کے موضوع پر کہانی لکھیے۔



FBISE SOLVED PAST PAPERS

https://fbisesolvedpastpapers.com

| ROLL NUMBER | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

| Version No. | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 3 | 2 | 0 | 2 | 1 |

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت:25منٹ

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. ____________ Candidate Sign. ____________

Invigilator Sign. ____________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | ناصرہ روانی سے پڑھتی ہے۔ "روانی سے" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | فعل استمراری | فعل مستقبل | فعل ماضی | متعلق فعل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .2 | ہیت کے اعتبار سے مسدس (نظم) کا بند کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے؟ | چار | پانچ | چھ | سات | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .3 | عزیز و اقارب کو لکھے گئے خطوط کیا کہلاتے ہیں؟ | غیر رسمی خطوط | رسمی خطوط | متوازی خطوط | غیر متوازی خطوط | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .4 | ؎ ایک سب آگ ایک سب پانی دیدہ و دل عذاب ہیں دونوں<br>یہ شعر کس کی مثال ہے؟ | صنعتِ مراعاۃ النظیر | صنعتِ تضمین | صنعتِ تلمیح | صنعتِ لف و نشر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .5 | 'میں نے پرچہ حل کر لیا'۔ میں "لیا" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | فعل ناقص | فعل حال | فعل متعدی | امدادی فعل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .6 | "میں نے بوتل پی لی"۔ علم بیان کی رو سے کس کی مثال ہے؟ | کنایہ | مجاز مرسل | تشبیہ | استعارہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .7 | سیر و سیاحت کی روداد کی تحریری شکل کیا کہلاتی ہے؟ | ناول | افسانہ | ڈرامہ | سفر نامہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .8 | ؎ زندگی میں کیا رہی باقی امید ہو گئے موئے سیاہ، موئے سفید<br>یہ شعر کس کی مثال ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .9 | ؎ "صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیے" یہ مصرعہ کس کی مثال ہے؟ | صنعتِ تضمین | صنعتِ تلمیح | صنعتِ لف و نشر | صنعتِ تضاد | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .10 | "بچہ پارٹی" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | متضاد الفاظ | سلینگ الفاظ | مترادف الفاظ | مشترک الفاظ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .11 | "زاہد شیر ہے"۔ اس جملے میں "زاہد" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | طرفین استعارہ | وجہ جامع | مستعار منہ | مستعار لہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .12 | درج شدہ میں حرفِ تشبیہ کی نشان دہی کریں: | ہم | تم | جیسا | کوئی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .13 | "مظروف کہہ کر ظرف مراد لینا" علم بیان کی رو سے کیا ہے؟ | مجاز مرسل | کنایہ | تشبیہ | استعارہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .14 | کس صنعت میں اشعار میں باہمی الٹ معنی والے الفاظ کا استعمال ہوتا ہے؟ | تضمین | تضاد | تکرار | لف و نشر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .15 | ؎ پتے پتے کو ہے صانع کی صناعت کا اقرار یہ مصرعہ کس کی مثال ہے؟ | تکرار | تضاد | تضمین | لف و نشر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .16 | مرنے والے کی تعریف میں لکھی گئی نظم کیا کہلاتی ہے؟ | شہر آشوب | مرثیہ | ہائیکو | رباعی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .17 | ؎ ہے تمنا کہ رہے نعت سے خالی نہ مرا شعر، نہ قطعہ، نہ قصیدہ، نہ غزل<br>یہ شعر کس کی مثال ہے؟ | تضمین | مراعاۃ النظیر | تضاد | تلمیح | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .18 | غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے کیا کہلاتا ہے؟ | مطلع | مطلع ثانی | مقطع | ٹیپ کا شعر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .19 | اشعار کے آخر میں "ہم آواز" الفاظ کو کیا کہا جاتا ہے؟ | قافیہ | مترادف | متضاد | مشترک | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .20 | صنعتِ تلمیح کی مثال کی نشان دہی کریں: | کتابِ احمد | گورِ سکندر | ذکرِ خیر | دلِ ناتواں | ○ | ○ | ○ | ○ |

——1HA-I 24002 (D)——



FBISE SOLVED PAST PAPERS

https://fbisesolvedpastpapers.com

8

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی - I

کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم:80

وقت:2:35 گھنٹے

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوئم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲:(الف) حصہ نثر:

عبارت پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں: **(6 x 4 = 24)**

ہندوؤں نے مسلمانوں کو ہندو بنانے کے لیے شدھی کی تحریک شروع کی۔ اور ان کو ختم کرنے کے لیے سنگھٹن کی تحریک بھی شروع کی۔ پھر 1928ء میں کانگریس نے جو نہرو رپورٹ شائع کی اس میں مسلمانوں کے لیے علیحدہ نمائندگی کا اصول جو دہ بارہ سال پہلے تسلیم کر چکی تھی بالکل نظر انداز کر دیا پھر تو مسلمانوں میں بڑا جوش پیدا ہوا۔ اور انھیں یقین ہو گیا کہ چونکہ اُن کا دین ان کی تہذیب اور ان کی معاشرت سب کچھ غیر مسلموں سے مختلف ہے اس لیے کسی حالت میں ہندوؤں سے تعاون نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ 1930ء میں مسلم لیگ کے الہ آباد والے اجلاس میں علامہ اقبال نے مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ وطن (پاکستان) کی تجویز پیش کی۔ چار سال کے بعد جب قائداعظم محمد علی جناحؒ نے مسلم لیگ کی صدارت کا مستقل عہدہ قبول کیا تو انہوں نے اس تجویز کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش شروع کر دی۔ آخر 23 مارچ 1940ء کو انہوں نے لاہور کے اجلاس میں واضح طور پر اعلان کر دیا کہ جن علاقوں میں مسلمانوں کی اکثریت ہے وہاں ایک آزاد مسلم ریاست قائم کی جائے۔ اس اعلان کو قراردادِ پاکستان کہتے ہیں۔

سوالات:

(i) کانگریس نے نہرو رپورٹ میں کس بات کو نظر انداز کیا؟

(ii) مسلمانوں کا ہندوؤں سے کن باتوں پر اختلاف تھا؟

(iii) علامہ محمد اقبالؒ کو "مصورِ پاکستان" کیوں کہا جاتا ہے؟

(iv) 23 مارچ کے دن کو سیاسی اعتبار سے کیا اہمیت حاصل ہے؟

(v) ہندوؤں نے مسلمانوں کو ختم کرنے کے لیے کون سی تحریک شروع کی؟

(vi) اس عبارت کا خلاصہ لکھیں۔ **یا** اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔

ب۔ حصہ نظم:

مندرجہ ذیل نظمیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: **(3 x 4 = 12)**

روزِ اول بھی تیرا، شامِ ابد بھی تیرا
ہر ابتدا بھی تُو ہے، ہر انتہا بھی تُو ہے
دکھ درد میں تجھی کو، مولا! پکارتے ہیں
ٹوٹے ہوئے دلوں کا، ہاں، آسرا بھی تُو ہے

سوالات:

(i) اس بند میں استعمال کیے گئے متضاد الفاظ کی نشان دہی کریں۔

(ii) دوسرے شعر کا مفہوم بیان کریں۔

(iii) اس بند میں ردیف کی نشان دہی کریں۔ **یا** پہلے شعر کا مرکزی خیال لکھیں۔

(یا)

ہم ان سے حلم و صبر و شکر کا پیغام لیتے ہیں
کہ جب چلتے ہیں کم از کم خدا کا نام لیتے ہیں
یہ کام آئیں نہ آئیں ہم انھی سے کام لیتے ہیں
"گلوں سے خار بہتر ہیں جو دامن تھام لیتے ہیں"
ہم ان سے مطمئن ہیں اور ہم سے شاد یہ سڑکیں

سوالات:

(i) پہلے شعر کا مفہوم بیان کریں۔

(ii) دوسرے شعر کا مرکزی خیال لکھیں۔

(iii) اس بند کو کس ہیئت میں لکھا گیا ہے؟ **یا** چوتھا مصرعہ کس صنعت کی مثال ہے؟



FBISE SOLVED PAST PAPERS

https://fbisesolvedpastpapers.com

(ج) **حصہ غزل:**

**مندرجہ ذیل غزلیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوال کا جواب لکھیں:** (1 x 4 = 4)

(i)
میرؔ دریا ہے ، سنے شعر زبانی اس کی
اللہ اللہ! رے ، طبیعت کی روانی اس کی

(ii)
خیر و شر کو سمجھ کہ ہیں دو زہر
سانپ کی زیست ہی تجھے سَم ہے

**سوال:**

پہلے شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ **یا** دوسرے شعر میں 'خیر و شر' کو کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے اور کیوں؟

(د) **حصہ قواعد:**

**درج سوالوں کے جوابات لکھیں:** (2 x 4 = 08)

(i) مرثیہ کس نظم کو کہا جاتا ہے؟ کسی ایک مرثیہ نگار شاعر کا نام لکھیں۔

(ii) غزل میں مطلع سے کیا مراد ہے؟ ایک شعری مثال بھی دیں۔ **یا** گرامر کی رو سے تشبیہ کسے کہتے ہیں؟ ایک مثال بھی دیں۔

## حصہ سوئم (کُل نمبر 32)

**سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں:** (06)

ایک طرف تو تخلیق کی فطری خواہش اور دوسری طرف اپنے آس پاس کے افراد سے دل پر بیتی ہوئی حالت کو ظاہر کر دینے کا خیال، ان دونوں عناصر نے مل کر ادب کو پیدا کیا۔ اس لیے ادب بہ یک وقت انسان کا ایک اضطراری اور سماجی فعل ہوا جس میں آفاقیت کی جھلکیاں بسیر الیتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ بعض جگہ اس نے اپنے مخصوص ماحول اور سماج کی عکاسی ضرور کی، لیکن بڑا ادب وہی سمجھا گیا جس میں آفاقیت کے عناصر کی پوری طرح کار فرمائی تھی۔

**(یا)**

تنقید کی تعریف میں اختلاف ہوسکتے ہیں لیکن اس حقیقت سے تو شاید ہی کسی کو انکار ہو کہ اس کا آغاز بنیادی طور پر تاثر سے ہوتا ہے۔ یہ تاثر تو ویسے ہر فرد پر ہو سکتا ہے لیکن نقاد کے تاثر کی نوعیت مختلف ہو جاتی ہے کیونکہ اس کا شعور عام افراد سے زیادہ بیدار ہوتا ہے اور اس کی ذہنی سطح ان افراد کے مقابلے میں نسبتاً زیادہ بلند ہوتی ہے۔ اس لیے یہ تاثر اس کے یہاں ایک نئی شکل اختیا کرلیتا ہے۔

**سوال نمبر ۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی آسان لفظوں میں تشریح کریں۔** (07)

کھڑے حقے بمعہ مینار آتشدان کو دیکھو
یہ قوم بے سروسامان کا سامان تو دیکھو
وہ اک رسّی میں پورا لاؤ لشکر باندھ لائے ہیں
یہ بستر میں ہزاروں تیر و نشتر باندھ لائے ہیں
صراحی سے گھڑا روٹی سے دسترخوان لڑتا ہے
مسافر خود نہیں لڑتا مگر سامان لڑتا ہے

**(یا)**

جینے کی کشمکش میں نہ بیکار ڈالیے
میں تھرڈ ڈویژنر ہوں ، مجھے مار ڈالیے
پھر نام اپنا ، قوم کا معمار ، ڈالیے
ڈگری کو میری لیجیے ، آچار ڈالیے
کچھ قوم کا بھلا ہو تو کچھ آپ کا بھلا
میرا بھلا ہو ، کچھ میرے ماں باپ کا بھلا

**سوال نمبر ۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔** (3+3+3=9)

فقیرانہ آئے صدا کر چلے
میاں! خوش رہو ہم دعا کر چلے
وہ کیا چیز ہے آہ! جس کے لیے
ہر اک چیز سے دل اٹھا کر چلے
کوئی نا امیدانہ کر کے نگاہ
سو تم ہم سے منھ بھی چھپا کر چلے

**(یا)**

انھیں نفرت ہوئی سارے جہاں سے
نئی دنیا کوئی لائے کہاں سے
وہ توڑیں عہد لیکن فکر یہ ہے
خدا نکلے گا کیوں کر ، درمیاں سے
کہوں کیوں کر، تیری باتیں ہیں جھوٹی
زباں پکڑی نہیں جاتی زباں سے

**سوال نمبر ۶۔** گاہک اور دکاندار کے درمیان آنے والی عید اور مہنگائی پر مکالمہ لکھیں۔ (رسمی کلمات کے علاوہ دیے گئے موضوع پر کم از کم آٹھ مکالمے لکھیں) (05)

**(یا)**

اخبار کے لیے "فضائی آلودگی سے آگاہی اور سدباب" سے متعلق آرٹیکل لکھیں۔

**سوال نمبر ۷۔** کالج پرنسپل کے نام نصاب میں متوقع تبدیلی کے حوالے سے لائبریری میں کتب کی دستیابی کی درخواست لکھیے۔ (05)

**(یا)**

'نیکی کا بدلہ نیکی' کے موضوع پر کہانی لکھیے۔



FBISE SOLVED PAST PAPERS